## سوال

(450)احرام کہاں سے باندھا جائے؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اکثر ہماری حج پر ڈیوٹی لگی ہے۔ اگر احرام باندھ کر جائیں تو طائف کی چوکی سے نہیں گزرنے دیتے ویسے بھی سرکاری طور پر ہمیں اجازت نہیں ہوتی۔ منیٰ میں آٹھ دس روز قیام حج سے پہلے ہوتا ہے۔ کیا ایسا ممکن ہے کہ ۸تاریخ کو وہیں سے ہم احرام باندھ لیں یا میقات پر دوبارہ جا کر احرام باندھنا لازم ہے؟ کیا ہم مقیم کے زمرے میں آجاتے ہیں؟ (ڈاکٹر حبیب الرحمن کیلانی) (۱۲جون ۲۰۰۹ء)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر پہلے سے حج کی نیت نہ ہو تو مقام عمل سے احرام باندھا جا سکتا ہے۔ بصورتِ دیگر واپسی ضروری ہے۔ میقات سے احرام باندھ کر آئیں اور اگر فدیہ دے کر وہیں سے احرام باندھ لیں تو یہ بھی درست ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

## جلد:3،کتاب الصوم:صفحہ:351

## محدث فتویٰ